# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

12 فروری 2024

- 8 فروری کو اپنے ووٹ کے ذریعے پاکستان کے عوام نے اپنی سیاسی و جمہوری پختگی کا سکّہ منوایا ہے۔
- عوامِ پاکستان نے اپنے ووٹ کے ذریعے بانی چیئرمین عمران خان کو حب الوطنی کا بے مثال سرٹیفکیٹ دیتے ہوئے ان کی جماعت کو واضح اکثریت سے نوازا ہے۔
- عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر پاکستان کو مجرموں کے حوالے کرنے کی غیر جمہوری، غیر قانونی، غیر سیاسی اور غیر اخلاقی کوششوں کی ہر سطح پر بھرپور مزاحمت کریں گے۔
- عوام کے مینڈیٹ کی کھلی توہین کرتے ہوئے مسترد شدہ گروہوں کے مابین اقتدار کی شرمناک بندر بانٹ عوام کی رائے اور فیصلے کو جوتے کی نوک پر رکھنے کے مترادف ہے۔
- جمہوریت کے بہیمانہ قتل اور عوام کے ووٹ کی حرمت پامال کرنے والوں کا پارلیمان کے اندر اور باہر ہر جگہ پر تعاقب کریں گی۔
- جس بے رحمی سے عوام کے مینڈیٹ کی توہین کی جارہی ہے اس پر ملک کے اندر ہی سے نہیں بلکہ پوری دنیا سے آوازیں بلند ہورہی ہیں۔
- الیکشن کمیشن کے مجرمانہ کردار، اس کی مذموم جانبداریت اور انتخابات کی عدم شفافیت پر جماعتِ اسلامی سمیت قومی سطح کی جماعتیں سنجیدہ ترین سوالات اٹھارہی ہیں۔

**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

- انتخابات کو آلودہ کرنے اور عوام کے شفاف مینڈیٹ کو پامال کرنے جیسا سنگین جرم کرنے والے آر اوز قوم کے مجرم ہیں، ان کا کڑا محاسبہ عوام کریں گے۔

## مرکز، پنجاب اور خیبر پختونخوا میں حکومت سازی کی حکمتِ عملی کیلئے خصوصی کمیٹیاں قائم

- کمیٹیوں کی سفارشات اور حکمتِ عملی کی روشنی میں اہم حکومتی و پارلیمانی عہدوں کیلئے نامزدگیوں کا عمل جلد مکمل کرنے پر اتفاق

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ